کنزالمدارس پیپر پیٹرن کے مطابق MCQ,s/SQ,s/LQ,s(1443ھ/2022ء)
جامعات المدینہ للبنین دعوت اسلامی پاکستان
مضمون : کنزالدقائق (فقہ)

مرتب: ابوالحسن احمد مجتبیٰ حنفی مدنی (مدرس ماڈل جامعۃ المدینہ نیو سول لائن فیصل آباد)

## کنزالدقائق کے 40٪ نصاب سے کثیر الانتخابی سوالات (MCQ,s)

# کتاب الحج

(1) حج کا لغوی معنی

(i) پاک کرنا (ii) رکنا (iii) قصد کرنا (iv) دعا کرنا

(2) حج زندگی میں فی الفور فرض ہے

(i) ایک مرتبہ (ii) دو مرتبہ (iii) تین مرتبہ (iv) چار مرتبہ

(3) حج کے ارکان ہیں

(i) ایک (ii) دو (iii) تین (iv) چار

(4) حج کے ارکان ہیں

(i) وقوف عرفہ وطواف زیارت (ii) وقوف عرفہ ومزدلفہ (iii) وقوف عرفہ (iv) طواف زیارت

(5) حج کا رکن اعظم ہے

(i) طواف زیارت (ii) طواف رخصت (iii) وقوف مزدلفہ (iv) وقوف عرفہ

(6) عورت کے لیے سفر میں ہونا ضروری ہے

(i) صرف زوج کا (ii) زوج یا محرم کا (iii) صرف محرم کا (iv) کسی کا بھی نہیں

(7) میقات کتنے ہیں

(i) تین (ii) چار (iii) پانچ (iv) چھ

(8) ذوالحلیفہ میقات ہے

(i) مدینہ طیبہ کی (ii) پاکستانیوں کی (iii) عراق کی (iv) ترکی کی

(9) ذات عرق میقات ہے

(i) شامیوں کی (ii) ایرانیوں کی (iii) عراقیوں کی (iv) پاکستانیوں کی

(10) جحفہ میقات ہے

(i) شامیوں کی (ii) ایرانیوں کی (iii) عراقیوں کی (iv) پاکستانیوں کی

(11) قرن میقات ہے

(i) شامیوں کی (ii) نجد والوں کی (iii) اہل یمن کی (iv) پاکستانیوں کی

(12) یلملم میقات ہے

(i) شامیوں کی (ii) نجد والوں کی (iii) پاکستانیوں کی (iv) اہل یمن کی

(13) میقات میں رہنے والوں کے لیے احرام باندھنے کی جگہ

(i) حرم (ii) حل (iii) یلملم (iv) قرن

(14) مکی کے لیے احرام باندھنے کی جگہ

(i) حرم (ii) حل (iii) یلملم (iv) قرن

# باب الاحرام

(15)احرام کا معنی ہے

(i)حرام کرنا (ii)حرام ہونا (iii)روکنا (iv)ارادہ کرنا

(16)احرام کے لیے کپڑے ہیں

(i)ایک (ii)دو (iii) تین (iv)چار

(17)احرام کی دو رکعتیں پڑھنا

(i)سنت ہے (ii)فرض ہے (iii)واجب ہے (iv)جائز ہے

(18)احرام کے لیے نیت

(i)رکن ہے (ii)سنت ہے (iii)مستحب ہے (iv)شرط ہے

(19) قمیص، شلوار اور عمامہ پہننا محرم کے لیے

(i)جائز ہے (ii)حرام ہے (iii)مستحب ہے (iv)مکروہ ہے

(20) محرمہ کے لیے سلے ہوئے کپڑے پہننا

(i)جائز ہے (ii)حرام ہے (iii)مستحب ہے (iv)مکروہ ہے

(21) محرم کے لیے شکار کرنا یا شکار کی رہنمائی کرنا

(i)جائز ہے (ii)حرام ہے (iii)مستحب ہے (iv)مکروہ ہے

(22) محرم کے لیے زعفران سے رنگا ہوا کپڑا پہننا

(i)جائز ہے (ii)حرام ہے (iii)مستحب ہے (iv)مکروہ ہے

(23) محرم کے لیے سر اور چہرے کو چھپانا

(i)جائز ہے (ii)حرام ہے (iii)مستحب ہے (iv)مکروہ ہے

(24) محرمہ کے لیے سر کھلا رکھنا

(i)جائز ہے (ii)حرام ہے (iii)مستحب ہے (iv)مکروہ ہے

(25) محرمہ کے لیے چہرا کو چھپانا

(i)جائز ہے (ii)حرام ہے (iii)مستحب ہے (iv)مکروہ ہے

(26) محرم کے لیے سر منڈانا، خوشبو لگانا اور ناخن کٹوانا

(i)جائز ہے (ii)حرام ہے (iii)مستحب ہے (iv)مکروہ ہے

(27) محرم کے لیے غسل کرنا اور حمام میں داخل ہونا

(i)جائز ہے (ii)حرام ہے (iii)مستحب ہے (iv)مکروہ ہے

(28)طواف قدوم سے پہلے استلام حجر اسور

(i)فرض ہے (ii)واجب ہے (iii)مستحب ہے (iv)سنت ہے

(29) حالت اضطباع میں طواف کرنا

(i)فرض ہے (ii)واجب ہے (iii) سنت ہے (iv)مستحب ہے

(30)اضطباع سنت ہے

(i)مرد کے لیے (ii) عورت کے لیے (iii)دونوں کے لیے (iv)بچہ کے لیے

(31) داہنی جانب سے طواف کرنا

(i) فرض ہے (ii) واجب ہے (iii) مستحب ہے (iv) سنت ہے

(32) طواف میں نیت

(i) فرض ہے (ii) واجب ہے (iii) شرط ہے (iv) سنت ہے

(33) رمل طواف کے ۔۔۔۔۔۔۔ چکروں میں کیا جائیگا

(i) تین (ii) چار (iii) پہلے تین (iv) پہلے چار

(34) طواف کے پہلے تین چکروں میں رمل کرنا

(i) فرض ہے (ii) واجب ہے (iii) مستحب ہے (iv) سنت ہے

(35) رمل کرنا سنت ہے

(i) مرد کے لیے (ii) عورت کے لیے (iii) دونوں کے لیے (iv) بچہ کے لیے

(36) طواف کے بعد دو رکعت پڑھنا

(i) فرض ہے (ii) واجب ہے (iii) مستحب ہے (iv) سنت ہے

(37) طواف کے بعد دو رکعت پڑھے جائیں گے

(i) مقام ابراہیم کے پاس (ii) حطیم کے پاس (iii) حجر اسود کے سامنے (iv) میزاب رحمت کے نیچے

(38) غیر مکی کے لیے سنت ہے

(i) طواف قدوم (ii) طواف زیارت (iii) طواف افاضہ (iv) طواف وداع

## سعی کا بیان

(39) صفا و مروہ دو پہاڑیاں ہیں

(i) مسجد حرام کے پاس (ii) منی میں (iii) مقام عرفہ میں (iv) مزدلفہ میں

(40) صفا و مروہ کی سعی کرنا

(i) فرض ہے (ii) واجب ہے (iii) مستحب ہے (iv) سنت ہے

(41) سعی میں بغیر عذر پیدل چلنا

(i) فرض ہے (ii) واجب ہے (iii) مستحب ہے (iv) سنت ہے

(42) صفا و مروہ کے درمیان دوڑنا

(i) فرض ہے (ii) واجب ہے (iii) مستحب ہے (iv) سنت ہے

(43) سعی کا صفا سے شروع کرنا

(i) فرض ہے (ii) واجب ہے (iii) مستحب ہے (iv) سنت ہے

## وقوف عرفہ ومزدلفہ کا بیان

(44) یوم ترویہ کہتے ہیں

(i) سات ذوالحجہ کو (ii) آٹھ ذوالحجہ کو (iii) نو ذوالحجہ کو (iv) دس ذوالحجہ کو

(45) سات ذوالحجۃالحرام کے خطبہ میں امام سکھائے گا

(i) مسائل نماز (ii) مسائل روزہ (iii) مسائل زکوۃ (iv) مناسک حج

(46)حرم سے منی کی طرف روانگی ہو گی

(i)سات ذوالحجہ کو (ii)آٹھ ذوالحجہ کو (iii)نو ذوالحجہ کو (iv)دس ذوالحجہ کو

(47)یوم عرفہ کہتے ہیں

(i)سات ذوالحجہ کو (ii)آٹھ ذوالحجہ کو (iii)نو ذوالحجہ کو (iv)دس ذوالحجہ کو

(48)عرفہ کی طرف روانگی ہو گی

(i)سات ذوالحجہ کو (ii)آٹھ ذوالحجہ کو (iii)نو ذوالحجہ کو (iv)دس ذوالحجہ کو

(49)عرفہ کی طرف روانگی کا وقت

(i)بعد نماز فجر (ii)بعد نماز ظہر (iii)بعد نماز عصر (iv) قبل نماز مغرب

(50)مقام عرفہ میں جمع بین الصلوتین ہیں

(i)فجر و ظہر (ii)ظہر و عصر (iii)عصر و مغرب (iv)مغرب و عشاء

(51)مقام عرفہ میں جمع بین الصلوتین کے لیے شرط ہے

(i)جماعت مع امام و احرام (ii)فقط جماعت (iii)فقط احرام کی حالت (iv)فقط امام کا ہونا

(52)مقام عرفہ میں جمع بین الصلوتین کے لیے ۔۔۔۔۔۔۔ کہی جائیں گی

(i)ایک آذان اور ایک اقامت (ii)دو آذانیں اور دو اقامتیں (iii)ایک آذان اور دو اقامتیں (iv)دو آذانیں اور ایک اقامت

(53)وقوف عرفہ کے لیے کھڑا رہنا

(i)فرض ہے (ii)واجب ہے (iii)مستحب ہے (iv)سنت ہے

(54)مقام عرفہ میں ۔۔۔۔۔۔کے قریب وقوف کرنا افضل ہے

(i)جبل احد (ii)جبل نور (iii)جبل قزح (iv)جبل رحمت

(55)تمام عرفات وقوف کی جگہ ہے سوائے

(i)بطن عرنہ کے (ii)بطن محسر کے (iii)وادی بدر کے (iv)وادی قنات کے

(56)وقوف عرفہ کے لیے نیت

(i)فرض ہے (ii)شرط ہے (iii)واجب ہے (iv)نیت ضروری نہیں

(57)وقوف عرفہ کے لیے ٹھہرنا ضروری ہے

(i)ایک پہر (ii)دو پہر (iii)ایک ساعت (iv)دو ساعتیں

(58)نیند یا بیہوشی کی حالت میں وقوف عرفہ کیا

(i)وقوف عرفہ ہو گیا (ii)اعادہ وقوف ہو گا (iii)دم واجب ہے (iv)صدقہ واجب ہے

(59)مزدلفہ کی طرف روانگی کا وقت مستحب

(i)عصر کے بعد (ii)غروب آفتاب کے بعد (iii)غروب آفتاب سے پہلے (iv)عشاء کے بعد

(60)مقام مزدلفہ میں ۔۔۔۔۔۔کے قریب وقوف کرنا افضل ہے

(i)جبل احد (ii)جبل نور (iii)جبل قزح (iv)جبل رحمت

(نوٹ:۔جبل قزح کو مشعر الحرام بھی کہتے ہیں)

(61)مقام مزدلفہ میں جمع بین الصلوتین ہیں

(i)فجر و ظہر (ii)ظہر و عصر (iii)عصر و مغرب (iv)مغرب و عشاء

(62) مقام مزدلفہ میں جمع بین الصلوتین کے لیے-------- کہی جائیں گی

(i) ایک آذان ،ایک اقامت (ii) دوآذانیں، دواقامتیں (iii) ایک آذان، دواقامتیں (iv) دوآذانیں، ایک اقامت

(63) مقام مزدلفہ میں جمع بین الصلوتین کے لیے شرط ہے

(i) جماعت مع امام واحرام (ii) فقط جماعت (iii) فقط احرام کی حالت (iv) فقط امام کا ہونا

(64) مقام مزدلفہ وقوف کی جگہ ہے سوائے

(i) بطن عرنہ کے (ii) بطن محسر کے (iii) وادی بدر کے (iv) وادی قنات کے

## دوای منی ورمی کا بیان

(65) یوم نحر کہتے ہیں

(i) سات ذوالحجہ کو (ii) آٹھ ذوالحجہ کو (iii) نوذوالحجہ کو (iv) دس ذوالحجہ کو

(66) مزدلفہ سے منی کوروانگی ہوگی

(i) سات ذوالحجہ کو (ii) آٹھ ذوالحجہ کو (iii) نوذوالحجہ کو (iv) دس ذوالحجہ کو

(67) منی کی طرف روانگی کاوقت مستحب

(i) طلوع فجر سے پہلے (ii) طلوع فجر کے بعد (iii) طلوع آفتاب سے کچھ پہلے (iv) طلوع آفتاب کے بعد

(68) دس ذوالحجۃالحرام منی پہنچ کر رمی ہوگی

(i) جمرہ عقبہ کی (ii) جمرہ اولی کی (iii) جمرہ وسطی کی (iv) تینوں جمرات کی

(69) رمی میں کم از کم کنکریوں کی تعداد

(i) پانچ (ii) چھ (iii) سات (iv) آٹھ

(70) اگر چار کنکریوں سے کم ماریں تو واجب ہے

(i) دم (ii) صدقہ (iii) دم وصدقہ (iv) کچھ نہیں

(71) اگر تین سے ذیادہ اور سات سے کم کنکریاں ماریں تو ہر کنکری کے بدلے لازم ہوگا

(i) دم (ii) صدقہ (iii) دم وصدقہ (iv) کچھ نہیں

(72) دس ذوالحجۃالحرام کو مفرد پر قربانی کرنا

(i) واجب ہے (ii) سنت ہے (iii) مستحب ہے (iv) کچھ نہیں

(73) طواف زیارت کاوقت

(i) نوذوالحجہ الحرام (ii) دس ذوالحجۃالحرام (iii) گیارہ ذوالحجۃالحرام (iv) بارہ ذوالحجۃالحرام

(74) طواف زیارت اور وقوف عرفہ سے پہلے محرم ہونا

(i) فرض ہے (ii) شرط ہے (iii) سنت ہے (iv) مستحب ہے

(75) طواف زیارت کے چار پھیرے لگانا------

(i) فرض ہے (ii) شرط ہے (iii) سنت ہے (iv) مستحب ہے

(76) مکمل طواف زیارت (سات پھیرے)-------

(i) فرض ہے (ii) واجب ہے (iii) سنت ہے (iv) مستحب ہے

(77) طواف زیارت کاایام نحر کے بعد کرنا

(i) سنت ہے (ii) جائز ہے (iii) مکرہ تنزیہی ہے (iv) مکروہ تحریمی ہے

(78) جمرات کتنے ہیں
(i) ایک (ii) دو (iii) تین (iv) چار
(79) ایام نحر میں رمی کرنا
(i) فرض ہے (ii) واجب ہے (iii) سنت ہے (iv) مستحب ہے
(80) گیارہ، بارہ اور تیرہ کی رمی میں جمار ثلاثہ میں ترتیب
(i) فرض ہے (ii) واجب ہے (iii) سنت ہے (iv) مستحب ہے
(81) تیرہ ذوالحجہ کی رمی زوال آفتاب سے پہلے کرنا
(i) سنت ہے (ii) واجب ہے (iii) مستحب ہے (iv) مکرہ ہے
(82) رمی کی ابتدا کرنا مسنون ہے
(i) جمرہ اولی سے (ii) جمرہ وسطی سے (iii) جمرہ عقبہ سے (iv) ہر جگہ سے مسنون ہے
(83) غیر مکی کے لیے طواف صدر
(i) واجب ہے (ii) فرض ہے (iii) سنت ہے (iv) مستحب ہے
(84) طواف صدر واجب ہے
(i) مکی کے لیے (ii) حلی کے لیے (iii) مدنی کے لیے (iv) غیر مکی کے لیے
(85) مکہ میں دخول کیے بغیر عرفہ جانے والے سے ساقط ہے
(i) طواف زیارت (ii) طواف رخصت (iii) طواف قدوم (iv) کچھ بھی نہیں

## حج قران و تمتع کا بیان

(86) حج کی کتنی قسمیں ہیں
(i) ایک (ii) دو (iii) تین (iv) چار
(87) افضل حج ہے
(i) حج افراد (ii) حج قران (iii) حج تمتع (iv) تینوں
(88) افضیلت حج میں ترتیب ہے
(i) افراد، قران، تمتع (ii) افراد، تمتع، قران (iii) تمتع، افراد، قران (iv) قران، تمتع، افراد
(89) قارن احرام باندھے گا
(i) حج اور عمرہ کا (ii) صرف حج کا (iii) صرف عمرہ کا (iv) پہلے حج کا پھر عمرہ کا
(90) قارن کے لیے وقوف عرفہ سے پہلے عمرہ کرنا
(i) واجب ہے (ii) جائز ہے (iii) سنت ہے (iv) مستحب ہے
(91) دس ذوالحجۃالحرام کو قارن پر قربانی کرنا
(i) واجب ہے (ii) سنت ہے (iii) مستحب ہے (iv) کچھ نہیں
(92) قارن کے لیے قربانی کا جانور ساتھ لے جانا
(i) فرض ہے (ii) واجب ہے (iii) سنت ہے (iv) مستحب/افضل ہے
(93) قارن اگر قربانی سے عاجز ہو تو روزے واجب ہیں
(i) سات (ii) آٹھ (iii) نو (iv) دس

(94) قربانی سے عاجز قارن کے لیے یوم النحر سے پہلے ۔۔۔۔۔ رکھنا واجب ہے

(i) تین روزے　(ii) چار روزے　(iii) پانچ روزے　(iv) چھ روزے

(95) قربانی سے عاجز قارن نے اگر یوم النحر سے پہلے تین روزے نہ رکھے تو واجب ہوگا

(i) صدقہ　(ii) ایک دم　(iii) دو دم　(iv) دس روزے

(96) قارن نے اگر عمرہ نا کیا اور وقوف عرفہ کر لیا تو واجب ہے

(i) عمرے کی قضا　(ii) دم　(iii) دم اور قضا عمرہ　(iv) کچھ بھی نہیں

(97) متمتع احرام باندھے گا

(i) حج اور عمرہ کا　(ii) صرف حج کا　(iii) صرف عمرہ کا　(iv) پہلے عمرہ کا پھر حج کا

(98) متمتع کے لیے وقوف عرفہ سے پہلے عمرہ کرنا

(i) واجب ہے　(ii) جائز ہے　(iii) سنت ہے　(iv) مستحب ہے

(99) متمتع عمرے کے بعد ۔۔۔۔۔ کو حج کا احرام باندھے گا

(i) یوم عرفہ　(ii) یوم ترویہ　(iii) یوم النحر　(iv) یوم القرّ

(100) دس ذوالحجۃالحرام کو متمتع پر قربانی کرنا

(i) واجب ہے　(ii) سنت ہے　(iii) مستحب ہے　(iv) کچھ نہیں

(101) متمتع کے لیے قربانی کا جانور ساتھ لے جانا

(i) فرض ہے　(ii) واجب ہے　(iii) سنت ہے　(iv) مستحب/افضل ہے

(102) متمتع اگر قربانی سے عاجز ہو تو روزے واجب ہیں

(i) سات　(ii) آٹھ　(iii) نو　(iv) دس

(103) قربانی سے عاجز متمتع کے لیے یوم النحر سے پہلے ۔۔۔۔۔ رکھنا واجب ہے

(i) تین روزے　(ii) چار روزے　(iii) پانچ روزے　(iv) چھ روزے

(104) قربانی سے عاجز متمتع نے اگر یوم النحر سے پہلے تین روزے نہ رکھے تو واجب ہوگا

(i) صدقہ　(ii) ایک دم　(iii) دو دم　(iv) دس روزے

(105) مکہ اور اسکے مضافات میں رہنے والوں کے لیے صرف ۔۔۔۔۔۔ ہے

(i) حج افراد　(ii) حج تمتع　(iii) حج قران　(iv) حج تمتع و قران

## باب الجنایات

(106) جنایات کے باب میں دم سے کیا مراد ہے

(i) بکری　(ii) اونٹ　(iii) صدقہ　(iv) حکومت عدل

(107) جنایات کے باب میں بدنہ سے کیا مراد ہے

(i) بکری　(ii) اونٹ /گائے　(iii) صدقہ　(iv) حکومت عدل

(108) جنایات کے باب میں صدقہ سے کیا مراد ہے

(i) نصف صاع گیہوں　(ii) ایک صاع گیہوں　(iii) دو صاع گیہوں　(iv) تین صاع گیہوں

(نوٹ:۔ زیادہ سے زیادہ تین صاع ہے بعض صوتوں میں کنڈیشن کے مطابق صدقہ کرنا ہوگا)

(109) صدقہ کی صورت میں گیہوں کتنے مساکین پر صدقہ ہونگے

(i) تین مساکین (ii) پانچ مساکین (iii) چھ مساکین (iv) نو مساکین

(110) محرم نے کامل عضو پر خوشبو لگائی تو۔۔۔۔۔۔ واجب ہے

(i) دم (بکری) (ii) بدنہ (iii) صدقہ (iv) حکومت عدل

(111) محرم نے عضو سے کم پر خوشبو لگائی تو۔۔۔۔۔۔ واجب ہے

(i) دم (بکری) (ii) بدنہ (iii) صدقہ (iv) حکومت عدل

(112) محرم نے احرام سے پہلے خوشبو لگائی اور احرام کے بعد باقی اعضاء پر پھیل گئ تو واجب ہے

(i) دم (بکری) (ii) بدنہ (iii) صدقہ (iv) کچھ بھی نہیں

(113) محرم نے خضاب لگایا یا داڑھی پر مہندی لگائی تو واجب ہے

(i) دم (بکری) (ii) بدنہ (iii) صدقہ (iv) حکومت عدل

(114) محرم پورا دن یا رات سلے ہوئے کپڑے میں رہا یا اپنا سر چھپائے رکھا تو واجب ہے

(i) دم (بکری) (ii) بدنہ (iii) صدقہ (iv) حکومت عدل

(115) دن یا رات سے کیا مراد ہے

(i) دو پہر (ii) چار پہر (iii) چھ پہر (iv) آٹھ پہر

(116) محرم چار پہر سے کم سلے ہوئے کپڑے میں رہا یا اپنا سر چھپائے رکھا تو واجب ہے

(i) دم (بکری) (ii) بدنہ (iii) صدقہ (iv) حکومت عدل

(117) محرم نے چوتھائی سر کا حلق کروایا تو واجب ہے

(i) دم (بکری) (ii) بدنہ (iii) صدقہ (iv) حکومت عدل

(118) محرم نے چوتھائی سر سے کم کا حلق کروایا تو واجب ہے

(i) دم (بکری) (ii) بدنہ (iii) صدقہ (iv) حکومت عدل

(119) غیر محرم نے محرم کا حلق کیا، غیر محرم پر واجب ہے

(i) دم (بکری) (ii) بدنہ (iii) صدقہ (iv) کچھ نہیں

(120) محرم نے دونوں بغل کے بال الگ الگ مجلس میں صاف کیے تو واجب ہے

(i) دم (ii) بدنہ (iii) دو دم (iv) دم و صدقہ

(121) محرم نے بال صاف کر کے پچھنا لیا تو واجب ہے

(i) دم (بکری) (ii) بدنہ (iii) صدقہ (iv) حکومت عدل

(122) محرم نے بال صاف کیے بغیر پچھنا لیا تو واجب ہے

(i) دم (بکری) (ii) بدنہ (iii) صدقہ (iv) حکومت عدل

(123) محرم نے مونچھ کتروائی یا مونڈ دی تو واجب ہے

(i) دم (بکری) (ii) بدنہ (iii) صدقہ (iv) حکومت عدل

(نوٹ:۔ حکومت عدل صاحب کنزالدقائق کے نزدیک ہے جبکہ صاحب بہار شریعت نے ردالمحتار کے حوالے سے صدقہ واجب کیا ہے)

(124) محرم نے ایک بغل کے بال صاف کیے تو واجب ہے

(i) دم (بکری) (ii) بدنہ (iii) صدقہ (iv) حکومت عدل

(125) محرم نے دونوں بغلوں کے بال ایک ہی مجلس میں صاف کیے تو واجب ہے

(i)دم (بکری) (ii)بدنہ (iii)صدقہ (iv)حکومت عدل

(126) محرم نے ایک ہی مجلس میں پورے ہاتھ یا پاؤں کے ناخن کاٹے تو واجب ہے

(i)دم (بکری) (ii)بدنہ (iii)صدقہ (iv)حکومت عدل

(127) محرم نے پانچ انگلیوں سے کم ناخن کاٹے تو واجب ہے

(i)دم (بکری) (ii)بدنہ (iii)صدقہ (iv)حکومت عدل

(128) محرم نے بھول کر یا نادانی میں سلا ہوا کپڑا پہنا تو واجب ہے

(i)دم (بکری) (ii)بدنہ (iii)صدقہ (iv)حکومت عدل

(129) مکمل موزہ پہننے سے دم واجب ہے اگر محرم نے موزہ--------پہنا

(i)دو پہر (ii)چار پہر (iii)چھ پہر (iv)آٹھ پہر

(130) محرم نے غیر محرم کی مونچھ مونڈ دی یا ناخن کاٹ دیے تو واجب ہے

(i)دم (بکری) (ii)بدنہ (iii)صدقہ (iv)حکومت عدل

(131) محرم نے ٹوٹے ہوئے ناخن کو الگ کر دیا تو واجب ہے

(i)دم (بکری) (ii)بدنہ (iii)صدقہ (iv)کچھ نہیں

(132) محرم نے اگر عذر کی وجہ سے سلے ہوئے کپڑے پہنے یا حلق کروایا تو واجب ہے

(i)دم (ii)صدقہ (iii) تین روزے (iv)اختیار ہے

(133) محرم نے عورت کی فرج داخل کی طرف بشہوت یا بلا شہوت نظر اور انزال ہو گیا تو واجب ہے

(i)دم (بکری) (ii)روزے (iii)صدقہ (iv)کچھ نہیں

(134) محرم نے اپنی بیوی کا شہوت کیساتھ بوسہ لیا یا جسم چھوا تو واجب ہے

(i)دم (ii)صدقہ (iii) تین روزے (iv)اختیار ہے

(135) محرم نے وقوف عرفہ سے پہلے عمداً جماع کے ذریعے حج فاسد کر دیا تو واجب ہے

(i)دم (بکری) (ii)بدنہ (iii)صدقہ (iv)حکومت عدل

(136) محرم نے وقوف عرفہ کے بعد عمداً جماع کیا تو واجب ہے

(i)دم (بکری) (ii)بدنہ (iii)صدقہ (iv)حکومت عدل

(137) محرم نے وقوف عرفہ سے پہلے بھول کر جماع کے ذریعے حج فاسد کر دیا تو واجب ہے

(i)دم (بکری) (ii)بدنہ (iii)صدقہ (iv)حکومت عدل

(138) محرم نے وقوف عرفہ کے بعد بھول کر جماع کیا تو واجب ہے

(i)دم (بکری) (ii)بدنہ (iii)صدقہ (iv)حکومت عدل

(139) محرم نے اگر حلق کے بعد جماع کیا تو واجب ہے

(i)دم (بکری) (ii)بدنہ (iii)صدقہ (iv)حکومت عدل

(140) محرم نے طواف زیارت کے بعد جماع کیا تو واجب ہے

(i)دم (بکری) (ii)بدنہ (iii)صدقہ (iv)کچھ نہیں

(141) معتمر نے طواف کے اکثر پھیروں سے پہلے جماع کیا تو واجب ہے

(i) دم　(ii) بدنہ　(iii) قضاء عمرہ　(iv) دم اور قضاء عمرہ

(142) معتمر نے طواف کے اکثر پھیروں کے بعد جماع کیا تو واجب ہے

(i) دم　(ii) بدنہ　(iii) قضاء عمرہ　(iv) دم اور قضاء عمرہ

(143) محرم نے طواف رکن (زیارت) حالت حدث میں کیا تو واجب ہے

(i) دم (بکری)　(ii) بدنہ　(iii) صدقہ　(iv) حکومت عدل

(144) محرم نے طواف رکن (زیارت) حالت جنابت میں کیا تو واجب ہے

(i) دم (بکری)　(ii) بدنہ　(iii) صدقہ　(iv) حکومت عدل

(145) حالت حدث یا جنابت میں کیے گئے طواف زیارت کا اعادہ کرنا

(i) سنت ہے　(ii) مستحب ہے　(iii) واجب ہے　(iv) اعادہ کی ضرورت نہیں

(نوٹ:۔ بہار شریعت میں ہے کہ جنابت کی صورت میں اعادہ واجب اور بارہویں سے پہلے اعادہ کیا تو بدنہ ساقط جبکہ بارہویں کے بعد کیا تو دم لازم بدنہ ساقط، بے وضو کئے گیے طواف فرض کا اعادہ مستحب بارہویں کے بعد ہو یا پہلے دم ساقط جبکہ یہاں کنزالدقائق کے مطابق جواب دیا گیا ہے)

(146) محرم نے طواف رکن کے چار سے کم پھیرے ترک کر دیے تو واجب ہے

(i) دم (بکری)　(ii) بدنہ　(iii) صدقہ　(iv) حکومت عدل

(147) محرم نے طواف قدوم یا طواف صدر حالت حدث میں کیا تو واجب ہے

(i) دم　(ii) بدنہ　(iii) صدقہ　(iv) حکومت عدل

(148) محرم نے طواف قدوم یا طواف صدر حالت جنابت میں کیا تو واجب ہے

(i) دم　(ii) بدنہ　(iii) صدقہ　(iv) حکومت عدل

(149) حاجی نے طواف صدر کے چار سے کم پھیرے ترک کر دیے، ہر پھیرے کے بدلے واجب ہے

(i) دم　(ii) بدنہ　(iii) صدقہ　(iv) حکومت عدل

(150) ترک طواف پر جن صورتوں میں صدقہ ہے ہر پھیرے کے بدلے صدقہ دیا جائیگا

(i) نصف صاع　(ii) ایک صاع　(iii) دو صاع　(iv) تین صاع

(151) ایام نحر میں طواف رکن حالت حدث جبکہ ایام تشریق کے آخری دن طواف صدر حالت طہر میں کیا تو واجب ہے

(i) ایک دم　(ii) دو دم　(iii) ایک بدنہ　(iv) دو بدنے

(152) ایام نحر میں طواف رکن حالت جنب جبکہ ایام تشریق کے آخری دن طواف صدر حالت طہر میں کیا تو واجب ہے

(i) ایک دم　(ii) دو دم　(iii) ایک بدنہ　(iv) دو بدنے

(نوٹ:۔ بہار شریعت میں ہے کہ جنابت کی صورت میں اعادہ واجب اور بارہویں سے پہلے اعادہ کیا تو بدنہ ساقط جبکہ بارہویں کے بعد کیا تو دم لازم بدنہ ساقط، بے وضو کئے گیے طواف فرض کا اعادہ مستحب بارہویں کے بعد ہو یا پہلے دم ساقط مذکورہ دونوں مسائل کے جوابات کنزالدقائق کی روشنی میں ہیں)

(153) محرم نے سعی کے اکثر پھیرے ترک کر دیے اور اعادہ نہ کیا تو واجب ہے

(i) دم　(ii) بدنہ　(iii) صدقہ　(iv) حکومت عدل

(154) سعی کے اقل پھیرے چھوڑے ہر پھیرے کے بدلے واجب ہے

(i) دم　(ii) بدنہ　(iii) ایک روزہ　(iv) صدقہ

(155) محرم نے وقوف عرفہ ترک کر دیا تو واجب ہے

(i) بدنہ　(ii) دو بدنے　(iii) دم اور دو بدنے　(iv) قضاء حج

(156) محرم نے بلاعذر وقوف مزدلفہ ترک کیا تو واجب ہے

(i)دم (ii)بدنہ (iii)دم اور بدنہ (iv)قضاء حج

(157) محرم نے عذر شرعی کی وجہ سے وقوف مزدلفہ ترک کر دیا تو واجب ہے

(i)دم (ii)بدنہ (iii)دم اور بدنہ (iv)کچھ نہیں

(158) حاجی نے رمی ہی نہیں کی یا ایک دن کی رمی ترک کر دی تو واجب ہے

(i)دم (ii)بدنہ (iii)دم اور بدنہ (iv)قضاء حج

(159) محرم نے حلق ایام نحر سے مؤخر کر دیا تو واجب ہے

(i)دم (ii)بدنہ (iii)ایک روزہ (iv)صدقہ

(160) حدود حرم میں حلق کروانا

(i)سنت ہے (ii) مستحب ہے (iii) جائز ہے (iv)واجب ہے

(161) محرم نے حدود حرم میں حلق نہ کیا تو واجب ہے

(i)دم (ii)بدنہ (iii)ایک روزہ (iv)صدقہ

(162) قارن نے ذبح سے پہلے حلق کیا تو واجب ہے

(i)ایک دم (ii)بدنہ (iii)دو دم (iv)دم اور بدنہ

## فصل فی بیان جزاء قتل الصید

(163) حج کے بیان میں صید سے مراد------ جانور ہے

(i)سمندری (ii) فضائی (iii)سمندری وحشی (iv) خشکی کا وحشی

(164) محرم کو شکار کرنا یا شکار پر دلالت کرنا

(i) جائز ہے (ii) ناجائز ہے (iii)حرام ہے (iv)مکروہ ہے

(165) اگر محرم نے شکار کیا یا شکار پر دلالت کی تو اس پر واجب ہے

(i)دم (ii)بدنہ (iii)صدقہ (iv) شکار کی قیمت

(166) شکار کی قیمت-------- مقرر کریں گے

(i)دو عادل (ii) قاضی (iii) سلطان (iv)امام

(167) محرم شکار کی قیمت سے------ خریدے گا اور اسے ذبح کرکے مساکین میں تقسیم کریگا

(i)مرغی (ii) مچھلی (iii)ہرن (iv)هدي

(168) شکار کی قیمت ھدی سے کم ہو تو صدقہ کریگا

(i)طعام (ii)مرغی (iii) مچھلی (iv)طعام یا طعام کی قیمت

(169) قاتل پر کتنی مقدار طعام یا طعام کی قیمت ایک مسکین پر صدقہ کرنا واجب ہے

(i)نصف صاع (ii)ایک صاع (iii)دو صاع (iv) تین صاع

(170) قاتل اگر صدقہ کرنے سے عاجز ہو تو ہر صدقہ کے بدلے واجب ہے

(i)ایک روزہ (ii)دو روزے (iii) تین روزے (iv)کچھ نہیں

(171) محرم نے شکار کو زخم دیا یا عضو کاٹ دیا تو واجب ہے

(i) شکار کی قیمت (ii)دم (iii)ایک روزہ (iv) نقصان کا ضمان

(172) محرم نے شکار کے پر کاٹ دیے یا اس کے دونوں پاؤں توڑ دیے تو واجب ہے

(i) دم (ii) بدنہ (iii) صدقہ (iv) شکار کی قیمت

(173) محرم نے کوا، چیل، بھیڑیا، مچھر، پسو وغیرہ مارا تو واجب ہے

(i) شکار کی قیمت (ii) صدقہ (iii) روزہ (iv) کچھ نہیں

(174) محرم نے گھروں میں رہنے والے پالتو (حلال) جانور ذبح کیے (بکری، گائے واونٹ وغیرہ) واجب ہے

(i) جانور کی قیمت (ii) روزے (iii) طعام (iv) کچھ نہیں

(175) محرم نے پالتو ہرن ذبح کیا تو واجب ہے

(i) ہرن کی قیمت (ii) دم (iii) طعام (iv) کچھ نہیں

(176) محرم نے شکار کیا یا شکار کا حکم دیا اس کا گوشت کھانا

(i) جائز ہے (ii) حرام ہے (iii) مکروہ تحریمی ہے (iv) مکروہ تنزیہی ہے

(177) محرم نے جنگلی درندے کا شکار کیا تو واجب ہے

(i) شکار کی قیمت (ii) صدقہ (iii) ایک بکری (iv) کچھ نہیں

(نوٹ:۔ اگر قیمت بکری یا بکری سے زیادہ ہو لیکن اگر درندے کی قیمت بکری سے کم ہو تو قیمت واجب)

(178) غیر محرم نے محرم کے لیے شکار کیا، محرم کے لیے اس گوشت کا کھانا

(i) حلال ہے (ii) حرام ہے (iii) مکروہ تحریمی ہے (iv) مکروہ تنزیہی ہے

(179) غیر محرم نے حرم کا جانور مارا تو واجب ہے

(i) جانور کی قیمت (ii) صدقہ (iii) ایک بکری (iv) کچھ نہیں

(180) غیر محرم نے شکار حرم میں فروخت کیا، یہ بیع

(i) جائز ہے (ii) باطل ہے (iii) فاسد ہے (iv) مکروہ ہے

(181) محرم نے شکار حرم میں بیچا یا خریدا، یہ بیع

(i) جائز ہے (ii) باطل ہے (iii) فاسد ہے (iv) مکروہ ہے

(182) محرم نے شکار پکڑا جبکہ دوسرے محرم نے ذبح کیا ضامن ہوگا

(i) پکڑنے والا (ii) ذبح کرنے والا (iii) دونوں (iv) کوئی بھی نہیں

(183) محرم نے حرم میں ایسا درخت کاٹا جسے نہ ہی کسی نے اگایا ہو اور نہ ہی اگایا جاتا ہو محرم ضامن ہوگا

(i) دم کا (ii) قیمت کا (iii) صدقے کا (iv) کچھ نہیں

(184) محرم نے اگر خشک درخت کاٹا تو محرم ضامن ہوگا

(i) دم کا (ii) قیمت کا (iii) صدقے کا (iv) کچھ نہیں

(185) حرم کی گھاس چرانا (جانوروں کو کھلانا)

(i) جائز ہے (ii) حرام ہے (iii) مکروہ تحریمی ہے (iv) مکروہ تنزیہی ہے

(نوٹ:۔ صاحب بہار شریعت نے اس مقام پر فرمایا کہ ضرورت کی وجہ سے آج کل جواز کا فتوی دیا گیا ہے)

(186) جس جرم پر مفرد پر ایک دم واجب ہے قارن پر واجب ہیں

(i) ایک دم (ii) دم اور صدقہ (iii) بدنہ اور صدقہ (iv) دو دم

(187) دو غیر محرموں نے ایک ساتھ حرم میں شکار کیا تو جزاء واجب ہو گی

(i) پہل کرنے والے پر (ii) کسی پر بھی نہیں (iii) دونوں پر تقسیم ہو گی (iv) دونوں پر الگ الگ کامل

(188) دو محرموں نے ایک ساتھ شکار کیا تو جزاء واجب ہو گی

(i) پہل کرنے والے پر (ii) دونوں پر تقسیم ہو گی (iii) کسی پر بھی نہیں (iv) دونوں پر الگ الگ کامل

(189) محرم نے ہرن کو حرم سے باہر نکالا، اسنے بچہ جنا اور دونوں مر گئے ضمان ہو گا

(i) ہرن کا (ii) بچہ کا (iii) دونوں کا (iv) کچھ نہیں

## باب مجاوزۃ الوقت بغیر احرام و اضافۃ الاحرام الی الاحرام

(190) میقات کے باہر سے آنے والے پر واجب ہے اگرچہ حج یا عمرہ کا ارادہ نا ہو

(i) حج (ii) عمرہ (iii) حج یا عمرہ (iv) کچھ نہیں

(نوٹ:۔ اگر ایام حج میں آیا تو حج واجب ہے اس کے علاوہ عمرہ اسی وجہ سے تیسرے آپشن کو درست قرار دیا گیا ہے)

(191) غیر مکی نے حل ہی سے احرام باندھ کر حج یا عمرہ کیا تو واجب ہے

(i) دم (ii) بدنہ (iii) صدقہ (iv) کچھ نہیں

(192) مکی نے ماہ حج میں عمرہ کا ایک طواف بھی کیا اور حج کا احرام باندھ لیا تو واجب ہے

(i) دم (ii) بدنہ (iii) صدقہ (iv) کچھ نہیں

(193) محرم نے یوم عرفہ کو دوسرے حج کا احرام باندھا اس پر واجب ہے احرام توڑنا اور

(i) دم دینا (ii) بدنہ دینا (iii) صدقہ دینا (iv) کچھ نہیں

(194) محرم نے یوم نحر کو دوسرے حج کا احرام حلق کروانے سے پہلے باندھا تو واجب ہے

(i) دم (ii) بدنہ (iii) صدقہ (iv) کچھ نہیں

(195) محرم نے یوم نحر کو دوسرے حج کا احرام حلق کروانے کے بعد باندھا تو واجب ہے

(i) دم (ii) بدنہ (iii) صدقہ (iv) کچھ نہیں

(196) محرم نے ایام نحر میں دوسرے حج کا احرام باندھا دوسرا حج واجب ہو گا

(i) اسی سال (ii) آئندہ سال (iii) حج واجب نہیں (iv) عمرہ واجب ہو گا

(197) معتمر نے حلق کرنے سے پہلے دوسرے عمرے کا احرام باندھا تو واجب ہے

(i) دم (ii) بدنہ (iii) صدقہ (iv) کچھ نہیں

## باب الاحصار

(198) احصار کا معنی ہے

(i) اجازت دینا (ii) جاری رکھنا (iii) روک دینا (iv) تلاش کرنا

(199) جو شخص وقوف عرفہ سے پہلے حج سے روک دیا گیا ہو حلال ہونے کے لیے اس پر واجب ہے

(i) بکری (ii) اونٹ (iii) روزے (iv) کچھ نہیں

(200) محصر کی قربانی ہو گی

(i) اپنے وطن میں (ii) حرم میں (iii) میقات میں (iv) جہاں محصور ہوا

(201) محصر اگر قارن ہو تو واجب ہے

(i) دم (ii) بدنہ (iii) دو دم (iv) دو بدنے

(202) محصر کی قربانی کا حرم میں ہونا

(i) شرط ہے (ii) سنت ہے (iii) مستحب ہے (iv) جائز ہے

(203)محصر کی قربانی کا ہونا شرط ہے

(i)یوم نحر کو (ii)ایام نحر میں (iii)ایام تشریق میں (iv)تاریخ معین نہیں

(204)محصر کا قربانی ہونے سے پہلے حلال ہونا

(i)جائز ہے (ii)ناجائز ہے (iii)مکروہ ہے (iv)مستحب ہے

(205)محصر کا قربانی کے بغیر ہی ہمیشہ احرام میں رہنا

(i)جائز ہے (ii)ناجائز ہے (iii)مکروہ تحریمی ہے (iv)مکروہ تنزیہی ہے

(206)مفرد محرم نے احصار کی وجہ سے احرام کھول دیا تو قضا واجب ہے

(i)حج کی (ii)عمرہ کی (iii)حج و عمرہ (iv)دم ہی کافی ہے

(207)محصر اگر قارن ہے احرام کھولنے کی وجہ سے قضا واجب ہے

(i)حج و عمرہ (ii)حج و دو عمرے (iii)دو حج (iv)دم ہی کافی ہے

(208)جس کا وقوف عرفہ فوت ہوگیا اس کا حج

(i)فوت ہوگیا (ii)مکمل ہوگیا (iii)دم واجب ہوگا (iv)بدنہ واجب ہوگا

(209)جس کا حج فوت ہوا احرام سے باہر آنے کے لیے اس پر واجب ہے

(i)حج مکمل کرنا (ii)عمرہ کرنا (iii)دم دینا (iv)بدنہ دینا

(210)فوت شدہ حج کی قضاء ہوگی

(i)اسی سال (ii)آئندہ سال (iii)عمرہ واجب ہے (iv)کچھ نہیں

## باب الحج عن الغیر (حج بدل کا بیان)

(211)عبادات کی قسمیں ہیں

(i)ایک (ii)دو (iii) تین (iv)چار

(212)عبادات مالیہ میں نیابت جائز ہے

(i)عندالعجز (ii)عندالقدرت (iii)عندالعجز والقدرت (iv)جائز نہیں

(213)عبادات بدنیہ میں نیابت جائز ہے

(i)عندالعجز (ii)عندالقدرت (iii)عندالعجز والقدرت (iv)جائز نہیں

(214)عبادات مرکب (بدنیہ ومالیہ سے) نیابت جائز ہے

(i)عندالعجز (ii)عندالقدرت (iii)عندالعجز والقدرت (iv)جائز نہیں

(215)منوِّب (نائب بنانے والا) کے لیے شرط ہے کہ وہ عاجز ہو

(i)فرض حج سے (ii) نفلی حج سے (iii)عمرہ سے (iv)نماز سے

(216)منوِّب (بالکسر) پر منوَّب (بالفتح) کا واجب ہے

(i)فقط نفقہ (ii)دم احصار (iii)دم جنایت (iv) نفقہ ودم احصار

(217)منوَّب (بالفتح) پر واجب ہے

(i) نفقہ (ii)دم احصار (iii) نفقہ ودم جنایت (iv)دم قران ودم جنایت

## باب الھدی

(218) ہدی کا معنی

(i) قربانی کرنا (ii) قربانی کا جانور (iii) قربان گاہ (iv) ذبح کرنا

(219) ہدی میں ۔۔۔۔۔ قسم کے جانور ہیں

(i) ایک (ii) دو (iii) تین (iv) چار

(220) ہدیّ میں جانور ہیں

(i) بکری (ii) گائے (iii) اونٹ (iv) قربانی کا ہر جانور

(221) ہر قسم کی قربانی (ہدیّ) خاص ہے

(i) میقات میں (ii) حرم میں (iii) وطن میں (iv) ہر جگہ

(222) قران وتمتع کی قربانی کی جائیگی

(i) یوم النحر (ii) گیارہ ذوالحجہ (iii) بارہ ذوالحجہ (iv) ایام نحر میں

(نوٹ:۔ کنزالدقائق کے متن میں فقط یوم النحر کا قول ہے جبکہ حاشیہ اور دیگر کتب فقہ میں یوم النحر سے ایام نحر مراد لیا ہے اور بہار شریعت میں بھی ایام نحر کا قول ہے سوال میں بھی اسی قول کو درست قرار دیا گیا)

(223) قارن، متمتع اور نفلی قربانی کا کھانا۔۔۔۔۔ کے لیے جائز ہے

(i) مکی فقراء (ii) غیر مکی فقراء (iii) فقط حرم کے فقراء (iv) ہر شخص

(224) قربانی کے جانور کا جھول، نکیل بطور اجرت قصائی کو دینا

(i) جائز ہے (ii) ناجائز ہے (iii) سنت ہے (iv) مستحب ہے

(225) قربانی کے جانور کا جھول، نکیل کا حکم ہے

(i) صدقہ کریگا (ii) فروخت کردیگا (iii) جلادیگا (iv) کچھ نہیں

(226) ہدیّ کا گوشت فقراء حرم پر صدقہ کرنا

(i) واجب ہے (ii) سنت ہے (iii) افضل ہے (iv) مکرہ ہے

(227) دم جنایت کا گوشت فقراء پر صدقہ کرنا

(i) واجب ہے (ii) سنت ہے (iii) مستحب ہے (iv) جائز ہے

(228) جس نے پیدل حج کرنے کی منت مانی اسے ۔۔۔۔۔ تک پیدل حج کرنا واجب ہے

(i) وقوف عرفہ (ii) وقوف مزدلفہ (iii) طواف زیارت (iv) طواف صدر

## مسائل منثورہ یا متفرقہ

(یہ مسائل کنزالدقائق کی ترتیب پر نہیں بلکہ چند ایک مسائل جو ابواب کے تحت شامل کرنے سے رہ گئے انہیں مسائل منثورہ کے تحت لکھا گیا ہے)

(229) معتمر کو عمرہ کرنے سے روک دیا گیا تو۔۔۔۔۔ واجب ہے

(i) فقط دم (ii) دم وصدقہ (iii) قضاء عمرہ (iv) کچھ نہیں

(230)۔۔۔۔۔۔ میں عمرہ کرنا مکرہ تحریمی ہے

(i) یوم عرفہ (ii) یوم نحر (iii) ایام نحر (iv) ایام تشریق

(231) ایام تشریق میں عمرہ کرنا

(i) مکرہ تحریمی (ii) مکروہ تنزیہی (iii) اساءت (iv) خلاف اولی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ,s) کے درست جوابات کی نشاندہی:۔

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (1) | iii | (2) | i | (3) | ii | (4) | i | (5) | iv | (6) | ii |
| (7) | iii | (8) | i | (9) | iii | (10) | i | (11) | ii | (12) | iv |
| (13) | ii | (14) | i | (15) | i | (16) | ii | (17) | i | (18) | iv |
| (19) | ii | (20) | i | (21) | ii | (22) | ii | (23) | ii | (24) | ii |
| (25) | ii | (26) | ii | (27) | i | (28) | iv | (29) | iii | (30) | i |
| (31) | iv | (32) | i | (33) | iii | (34) | iv | (35) | i | (36) | ii |
| (37) | i | (38) | i | (39) | i | (40) | ii | (41) | ii | (42) | iv |
| (42) | ii | (43) | ii | (45) | iv | (46) | ii | (47) | iii | (48) | iii |
| (49) | i | (50) | ii | (51) | i | (52) | iii | (53) | iii | (54) | iv |
| (55) | i | (56) | iv | (57) | iii | (58) | i | (59) | ii | (60) | iii |
| (61) | iv | (62) | i | (63) | iii | (64) | ii | (65) | iv | (66) | iv |
| (67) | iii | (68) | i | (69) | iii | (70) | i | (71) | ii | (72) | iii |
| (73) | ii | (74) | ii | (75) | i | (76) | ii | (77) | iv | (78) | iii |
| (79) | ii | (80) | iii | (81) | iv | (82) | i | (83) | i | (84) | iv |
| (85) | iii | (86) | iii | (87) | ii | (88) | iv | (89) | i | (90) | i |
| (91) | i | (92) | iv | (93) | iv | (94) | i | (95) | ii | (96) | iii |
| (97) | iv | (98) | i | (99) | ii | (100) | i | (101) | iv | (102) | iv |
| (103) | i | (104) | ii | (105) | i | (106) | i | (107) | ii | (108) | iv |
| (109) | iii | (110) | i | (111) | iii | (112) | iv | (113) | i | (114) | i |
| (115) | ii | (116) | iii | (117) | i | (118) | iii | (119) | iii | (120) | iii |
| (121) | i | (122) | iii | (123) | iv | (124) | i | (125) | i | (126) | i |
| (127) | iii | (128) | i | (129) | ii | (130) | iii | (131) | iv | (132) | iv |
| (133) | iv | (134) | i | (135) | i | (136) | ii | (137) | i | (138) | ii |
| (139) | i | (140) | iv | (141) | iv | (142) | i | (143) | i | (144) | ii |
| (145) | iii | (146) | i | (147) | iii | (148) | i | (149) | iii | (150) | i |
| (151) | i | (152) | ii | (153) | i | (154) | iv | (155) | iv | (156) | i |
| (157) | iv | (158) | i | (159) | i | (160) | iv | (161) | i | (162) | iii |
| (163) | iv | (164) | iii | (165) | iv | (166) | i | (167) | iv | (168) | iv |
| (169) | i | (170) | i | (171) | iv | (172) | iv | (173) | iv | (174) | iv |
| (175) | i | (176) | ii | (177) | iii | (178) | i | (179) | i | (180) | iii |
| (181) | ii | (182) | iii | (183) | ii | (184) | iv | (185) | ii | (186) | iv |
| (187) | iii | (188) | iv | (189) | iii | (190) | iii | (191) | i | (192) | i |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| (193) i | (194) i | (195) iv | (196) ii | (197) i | (198) iii |
| (199) i | (200) ii | (201) iii | (202) i | (203) iv | (204) ii |
| (205) i | (206) iii | (207) ii | (208) i | (209) ii | (210) ii |
| (211) iii | (212) iii | (213) iv | (214) i | (215) i | (216) iv |
| (217) iv | (218) ii | (219) iii | (220) iv | (221) ii | (222) iv |
| (223) iv | (224) ii | (225) i | (226) iii | (227) i | (228) iii |
| (229) iii | (230) iv | (231) i | | | |

## مختصر سوالات (SQ,s)

(1) حج کا لغوی و اصطلاحی معنی بیان کریں۔

(2) حج کے کتنے اور کون کونسے ارکان ہیں؟

(3) حج کے واجب ہونے کی کتنی اور کون کونسی شرائط ہیں؟

(4) حج کے وجوب ادا کی شرائط تحریر کیجیے۔(صرف نام)

(5) بچے نے نفل حج کے احرام کی نیت کی اور بالغ ہوگیا کیا اس احرام سے فرض ادا کرسکتا ہے؟

(6) میقات کتنے ہیں؟ کونسا میقات کس کے لیے ہے؟

(7) کس شخص کے لیے کہاں سے محرم ہونا واجب ہے؟

(8) احرام کا لغوی و اصطلاحی معنی بیان کریں، احرام میں کتنے کپڑے ضروری ہیں؟

(9) احرام کا حکم بیان کریں

(10) تلبیہ و احرام کی دعا تحریر کیجیے نیز احرام کی دو رکعتیں پڑھنے کا حکم بیان کیجیے۔

(11) چھ ایسی باتیں تحریر کیجیے جو محرم کے لیے حرام ہیں۔

(12) حمام، گھر یا کجاوے کے سایے میں آنا محرم کے لیے جائز ہے یا نہیں؟

(13) اضطباع اور رمل کا معنی بیان کریں

(14) ختم طواف پر دو رکعتیں پڑھنے کا مقام و حکم بیان کریں۔

(15) طواف قدوم کس کے لیے سنت ہے اور کیوں؟

(16) صفا و مروہ کسے کہتے ہیں اس کی سعی کا حکم بیان کریں

(17) سعی کا مختصر طریقہ بیان کریں

(18) یوم ترویۃ، یوم عرفہ اور یوم نحر کس دن کو کہا جاتا ہے؟

(19) محرم کس دن منی اور پھر عرفہ کی طرف سفر کریگا؟

(20) عرفہ میں کونسی دو نمازوں کن شرائط کے تحت جمع کیا جائیگا؟

(21) عرفہ میں کس جگہ وقوف کرنا افضل ہے اور کس جگہ ٹھہرنے سے منع کیا گیا ہے

(22) مزدلفہ کی طرف روانگی کا وقت بیان کریں نیز مزدلفہ میں کن دو نمازوں کو جمع کیا جائیگا؟

(23) مزدلفہ میں کس جگہ ٹھہرنا افضل ہے اور کس جگہ ٹھہرنے سے منع کیا گیا ہے؟

(24) رمی جمار کا سنت طریقہ بیان کریں

(25) طواف صدر کسے کہتے ہیں؟ یہ کس کے لیے واجب ہے

(26) طواف قدوم کب اور کس کے لیے سنت ہے؟

(27) حج کا رکن اعظم کسے کہتے ہیں؟ نیز وقوف عرفہ کا وقت بیان کریں

(28) حج کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں؟ نام تحریر کریں

(29) اقسام حج میں سے ہر ایک کی تعریف بیان کریں

(30) افضیلت حج میں عند الاحناف ترتیب بیان کریں

(31) قارن، متمتع اور مفرد کسے کہتے ہیں؟

(32) قارن، متمتع اور مفرد میں سے کس پر قربانی واجب اور کس پر مستحب ہے؟

(33) حج متمتع کی کتنی اقسام ہیں فقط صورت بیان کریں

(34) قارن اور متمتع قربانی کرنے سے عاجز ہوں تو انکے لیے کیا حکم ہے؟

(35) متمتع عمرہ کرنے کے بعد اپنے وطن لوٹ آئے اس کا تمتع باطل ہوگا یا نہیں؟

(36) ماہ حج کتنے اور ایام حج کتنے ہیں؟ اور کونسے ہیں؟

(37) حج قران اور تمتع کس کے لیے ہے اور کیوں؟

(38) اگر محرمہ حائضہ ہو گئی اس کے لیے کیا حکم ہے؟

(39) جنایۃ کا لغوی و اصطلاحی معنی بیان کریں

(40) محرم نے عذر یا بغیر عذر حلق کروایا بہر صورت حکم شرع بیان کریں

(41) محرم کے جماع کرنے کا حکم بیان کریں

(42) محرم نے بھول کر جرم کیا کفارہ ہوگا یا نہیں؟

(43) محرم نے حالت جنب میں طواف زیارت کیا کس صورت میں بدنہ واجب ہوگا اور کس صورت میں دم؟

(44) حالت حدث میں سعی کرنے یا ترک کرنے کا حکم بیان کریں

(45) عذر یا بغیر عذر وقوف عرفہ ومزدلفہ ترک کرنے کا حکم بیان کریں

(46) صید سے کیا مراد ہے؟ محرم نے شکار کیا جرمانہ کس اعتبار سے واجب ہے

(47) محرم اگر جرمانہ صید ادا کرنے سے عاجز ہو تو کیا حکم ہے؟

(48) محرم کے لیے کونسے جانوروں کا قتل کرنا جائز ہے؟

(49) محرم نے درندے کا قتل کیا کتنا جرمانہ ادا کرنا ہوگا؟

(50) محرم کا کونسے جانوروں کو ذبح کرنا جائز ہے؟

(51) کیا غیر محرم کا محرم کے لیے شکار کرنا جائز ہے؟ اس شکار کا حکم بیان کریں

(52) محرم شکار کے ساتھ حرم میں داخل ہوا یا محرم نے حرم ہی میں شکار کرکے صید کو بیچ دیا اس بیع کا کیا حکم ہے؟

(53) حرم کے درخت اور گھاس کاٹنے کا حکم بیان کریں۔ فی زمانہ فتوی کس پر ہے؟

(54) محرم نے شکار زخمی کیا اس کے لیے کیا حکم ہے؟

(55) دو محرم یا غیر محرم نے مل کر شکار کیا جرمانہ کس پر واجب ہے؟

(56) میقات سے بغیر احرام حرم میں داخل ہونے والے کا حکم بیان کریں۔

(57) محرم نے دوسرے حج کے احرم کی نیت کی دونوں کا حکم بیان کریں۔

(58) احصار کا لغوی و اصطلاحی معنی بیان کریں

(59) قارن، مفرد یا معتمر کو حج یا عمرہ سے روک دیا گیا قضاء کا حکم بیان کریں۔

(60) قارن، مفرد یا معتمر احرام کا احرام سے نکلنے کا طریقہ بیان کریں

(61) کتنے اور کون کونسے ایام میں عمرہ کرنا مکروہ تحریمی ہے؟

(62) حج بدل کسے کہتے ہیں؟ حج بدل کے جائز ہونے کی شرط بیان کریں۔

(63) عبادات کتنی قسم کی ہیں۔ کس عبادت میں نیابت جائز ہے اور کس میں نہیں؟

(64) منوِّب اور منوَّب پر کیا کیا واجب ہے؟

(65) ہدیّ کا لغوی و اصطلاحی معنی بیان کریں

(66) ہدیّ میں کون کونسے جانور شامل ہیں انکی شرائط کیا ہیں؟

(67) محرم پر کونسے جرائم پر بدنہ واجب ہے؟

(68) کس ہدیّ کا گوشت فقراء و امراء سب کھا سکتے ہیں اور کس کا فقط فقراء

(69) ہدیّ کس جگہ اور کس تاریخ کو ذبح کیا جائیگا؟

## کتاب النکاح

(70) نکاح کا لغوی و اصطلاحی معنی بیان کریں

(71) نکاح کرنے کا حکم بیان کریں۔

(72) نکاح کے کتنے اور کون کونسے ارکان ہیں؟

(73) کن کن الفاظ سے نکاح منعقد ہو سکتا ہے؟

(74) نکاح کی شرائط بیان کریں۔

(75) ومن امر رجلا ان یزوج صغیرته فزوجها عند رجل و الاب حاضر صح و الا لا

مذکورہ مسئلہ کے جواز یا عدم جواز کی وجہ بیان کریں

(76) محرمات مؤبدہ و محرمات مؤقتة کا معنی بیان کریں ہر ایک کو مثال سے واضح کریں

(77) دو محرمہ عورتوں کو ایک نکاح میں جمع نہ کرنے کا اصول بیان کریں۔

(78) ولو تزوج اختین فی عقدین ولم یدر الاول

عبارت پر غور کرتے ہوئے نکاح اور حق مہر کا حکم بیان کریں

(79) حرمت مصاہرت کو واجب کرنے والے اسباب کون کونسے ہیں؟

(80) آزاد یا غلام مرد ایک وقت میں کتنی عورتوں سے نکاح کر سکتا ہے؟

(81) کس صورت میں حاملہ سے نکاح کرنا جائز ہے لیکن وطی کرنا جائز نہیں؟

(82) کیا حالت احرام میں نکاح کرنا جائز ہے؟

(83) آزاد پر لونڈی سے یا لونڈی پر آزاد عورت سے نکاح کرنے کا حکم بیان کریں۔

(84) نکاح متعہ و مؤقت کسے کہتے ہیں نیز ان کا حکم بیان کریں۔

(85) ولی اور کفو کا لغوی و اصطلاحی معنی بیان کریں۔

(86) باکرہ یا ثیبہ کی طرف سے اجازت پر دلالت کرنے والے الفاظ بیان کریں۔

(87) باکرہ بالغہ یا نابالغہ کا نکاح ولی نے جبراً کیا، نکاح کا حکم بیان کریں۔

(88) اگر کثرت حیض، تعنیس یا زنا کی وجہ سے پردہ بکارت زائل ہو جائے عورت باکرہ ہوگی یا ثیبہ؟

(89) عصبہ کسے کہتے ہیں نیز ولی کون بن سکتا ہے اور ولایت نکاح میں اسکی ترتیب بیان کریں۔

(90) ولایت نکاح میں ترتیب بیان کریں عورتوں کی طرف کب ولایت منتقل ہوگی اور ان میں ترتیب کیا ہوگی؟

(91) خیار بلوغ کسے کہتے ہیں، یہ کب اور کسے حاصل ہے اسی کی شرط کیا ہے؟

(92) مرد و عورت میں خیار بلوغ کے بطلان کی صورتیں بیان کریں۔

(93) کس کس کو ولایت حاصل نہیں کنزالدقائق کی روشنی میں بیان کریں

(94) مجنونہ کا ولی اقرب کون ہے؟

(95) ولی اقرب کی غیر موجودگی میں ولایت کسے حاصل ہے؟ غیر موجودگی میں کتنی مسافت کا اعتبار ہے؟

(96) آزاد عورت نے بغیر اجازت ولی، غیر کفو میں نکاح کیا اس نکاح کا کیا حکم ہے؟

(97) کفاءت میں کتنی چیزوں کا اعتبار ہے (صرف نام بیان کریں)

(98) غلام یا لونڈی نے بغیر اجازت مولیٰ نکاح کیا، کیا حکم ہے؟

(99) فضولی و نکاح فضولی کسے کہتے ہیں اس نکاح کا حکم بھی بیان کریں۔

(100) مہر کسے کہتے ہیں اس کی کم سے کم مقدار بیان کریں۔

(101) مہر کی کتنی قسمیں ہیں ہر ایک کی تعریف بیان کریں۔

(102) مہر مسمّٰی، نصف، مثلی اور متعہ کب کب دیا جاتا ہے کنزالدقائق کی روشنی میں بیان کریں۔

(103) خلوۃ صحیحہ سے کیا مراد ہے؟ نیز موانع خلوت کتنے اور کونسے ہیں؟

(104) مجبوب، عنین یا خصّی کی خلوت خلوت صحیحہ ہے یا نہیں؟

(105) متعہ مستحب کب ہے اور واجب کب؟

(106) عجمی میں نسب کا اعتبار کیوں نہیں؟

(107) اگر آزاد یا لونڈی نے تعلیم قرآن پر نکاح کیا مہر میں کیا واجب ہوگا؟

(108) نکاح شغار کسے کہتے ہیں؟ اس میں مہر کیا واجب ہوگا؟

(109) ولو قبضت الف المهر و وهبت له فطلقت قبل الوطی

مذکورہ عبارت پر غور کریں اور، مہر کا حکم بیان کریں

(110) دو معین غلاموں میں سے کسی ایک پر نکاح کیا مہر کا فیصلہ کیسے کیا جائیگا؟

(111) دو معین غلاموں پر نکاح کیا ایک یا دونوں آزاد نکل آئے مہر میں کیا واجب ہوگا؟

(112) نکاح فاسد میں مہر مسمّٰی واجب ہے یا مہر مثلی نیز بچے کا نسب اور عدت واجب ہے یا نہیں؟

(113) مہر مثلی کا اندازہ کیسے لگایا جائیگا؟ نیز اس میں کس کس چیز کا اعتبار کیا جائیگا؟

(114) کیا ولی کے لیے مہر کا ضامن بننا صحیح ہے نیز مطالبہ کس سے ہوگا؟

(115) عورت شوہر کو قدرت دینے سے کس صورت میں روک سکتی ہے اور کیوں؟

(116) مہر کی مقدار میں زوجین کا اختلاف ہوا تو فیصلہ کیسے کیا جائیگا؟

(117) زوجین کے انتقال کے بعد ان کے ورثاء کا مقدار مہر میں اختلاف ہوا تو فیصلہ کیسے کیا جائیگا؟

(118) مہر مسمّٰی میں زوجین کا اختلاف ہوا تو کیا واجب ہوگا؟

(119) مہر یا ہدیہ میں زوجین کا اختلاف ہوا کس کے قول پر فیصلہ ہوگا؟

(120) قسم کا لغوی و اصطلاحی معنی بیان کریں۔

(121) ایک سے زائد عورتوں میں کن کن چیزوں میں برابری ضروری ہے؟

(122) اگر ایک زوجہ اپنی باری دوسری کے لیے ہبہ کر دے تو رجوع کا حق ہے یا نہیں اور کب تک؟

(123) رضاعت کا لغوی و اصطلاحی معنی بیان کریں؟

(124) کتنی مدت میں کتنا دودھ پینے سے رضاعت ثابت ہو گی؟

(125) رضاعت سے کون کون سے رشتے حرام ہوتے ہیں؟

(126) دودھ عورت نے پلایا اس کے شوہر کے حرام ہونے کی کیا وجہ ہے؟

(127) تحل اخت اخیہ رضاعا و نسبا

مذکورہ عبارت پر غور کرتے ہوئے مسئلہ مثال سے واضح کیجیے۔

(128) اگر عورت کا دودھ طعام، پانی، دواء، بکری یا کسی دوسری عورت کے دودھ کے ساتھ ملا کر پلادیا رضاعت ثابت ہو گی یا نہیں؟

(129) اگر کبیرہ نے صغیرہ بیوی کو دودھ پلادیا نکاح اور مہر کا حکم بیان کریں۔

(130) ثبوت رضاعت کی شرط بیان کریں؟

## طویل سوالات (LQ,s)

(1) حج کا لغوی و صطلاحی معنی بیان کریں نیز حج کے واجب ہونے کی کتنی اور کون کونسی شرائط ہیں کنزالد قائق کی روشنی میں تحریر کریں۔

(2) میقات کتنے اور کون کونسے ہیں؟ کس کے لیے کونسا میقات ہے اور کون کہاں سے احرام باندھے گا؟

(3) حج کی کتنی اقسام ہیں ہر ایک کی تعریف کریں۔ عندالاحناف کون کی قسم افضل ہے نیز نیت احرام میں فرق بیان کریں

(4) احرام باندھنے کا سنت طریقہ کنزالدقائق کی روشنی میں تحریر کریں نیز مرد و عورت کے احرام میں فرق بیان کریں۔

(5) کون کونسے کام کرنا محرم اور محرمہ کے لیے حلال یا حرام ہیں؟ (دس دس بیان کریں)

(6) عمرہ کرنے کا مکمل طریقہ کنزالد قائق کی روشنی میں تحریر کریں

(7) طواف و سعی کا سنت طریقہ کنزالد قائق کی روشنی میں تحریر کریں۔

(8) حج کا مختصر طریقہ کنزالد قائق کی روشنی میں تحریر کریں (دخول منی سے طواف رخصت تک)

(9) حج قران، تمتع اور افراد کے احکام میں فرق کنزالد قائق کی روشنی میں بیان کریں۔

(10) حج تمتع کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں کنزالد قائق کی روشنی میں تفصیلا بیان کریں۔

(11) جنایات کی تعریف کریں اور دس ایسے جرائم بیان کریں جن کی وجہ سے دم یا بدنہ واجب ہے۔

(12) صید سے کیا مراد ہے اس کی جزا کیا ہے اور کیسے مقرر کی جائیگی نیز اگر محرم جزا دینے سے عاجز ہو تو اس کے لیے کیا حکم ہے؟

(13) محرم کا کن جانوروں کا شکار کرنا یا قتل کرنا حرام اور کن کا جائز ہے کنزالد قائق کی روشنی میں بیان کریں۔

(14) حرم کے درخت کتنے قسموں پر ہیں اور کس قسم کا درخت کاٹنا حرام ہے۔ حرم کی گھاس چَرانے کا کیا حکم ہے؟ فتویٰ کس قول پر ہے؟

(15) محصر کسے کہتے ہیں۔ محصر کے احرام سے نکلنے کا طریقہ بیان کریں۔ نیز مفرد، قارن یا معتمر نے احصار کی وجہ سے احرام کھول دیا تو یہ کس چیز کی قضا کریں گے؟

(16) عبادات کی کتنی قسمیں ہیں کس عبادت میں نیابت جائز ہے اور کس میں نہیں؟ حج میں نیابت کے لیے کیا شرائط ہیں؟

(17) ہدیّ کا معنی بیان کریں۔ کتنے قسم کے جانور ہدیّ میں داخل ہیں اور انکے لیے کیا شرائط ہیں۔ کس ہدیّ سے فقراء و امراء اور کس ہدیّ سے صرف فقراء کھا سکتے ہیں۔

## کتاب النکاح

(18) نکاح کا لغوی و اصطلاحی معنی بیان کریں۔ نکاح کا حکم شرعی کیا ہے؟ نکاح کے ارکان بیان کریں نیز کن الفاظ سے نکاح جائز ہے؟

(19) محرمات مؤبدہ و مؤقتہ کنزالدقائق کی روشنی میں تحریر کریں۔

(20) کن کن عورتوں سے نکاح کرنا جائز ہے؟ نیز نکاح متعہ و موقت کا حکم بیان کریں۔

(21) ولی کسے کہتے ہیں؟ ولایت کسے حاصل ہے اور کون ولایت کا مستحق نہیں؟ عورتوں کی طرف ولایت کب لوٹے گی اور ان میں ترتیب کیا ہو گی؟

(22) کفو کا معنی بیان کریں۔ کفو میں کن چیزوں کا اعتبار کیا گیا ہے؟ تفصیلا بیان کریں نیز عجمی میں نسب کا اعتبار کیوں نہیں؟

(23) مہر کسے کہتے ہیں اس کی کم سے کم مقدار کیا ہے اور یہ کس وقت دینا واجب ہے؟

(24) مہر کی کتنی اقسام ہیں ہر ایک کی تعریف بیان کریں۔ کس صورت میں کتنا مہر واجب ہو گا کنزالدقائق کی روشنی میں تفصیلا بیان کریں

(25) خلوۃ صحیحہ کسے کہتے ہیں؟ موانع خلوۃ کون کون سے ہیں تفصیلا بیان کریں نیز یہ بتائیں کہ متعہ مستحب کب ہے اور واجب کب؟

(26) عورت نے قبل القبض یا بعد القبض کل یا بعض مہر شوہر کو ہبہ کر دیا طلاق قبل الوطی کی صورت میں کیا حکم ہو گا کنزالدقائق کی روشنی میں تمام صورتیں واضح کریں۔

(27) مہر مثلی کسے کہتے ہیں اور یہ کس صورت میں لازم آتا ہے؟ مہر مثلی کا اعتبار کن عوتوں سے کیا جائیگا اگر وہ موجود نہ ہوں تو کیسے اندازہ لگایا جائیگا؟

(28) مقدار مہر یا مہر مسمّٰی میں زوجین یا انکے ورثاء کا اختلاف ہوا فیصلہ کیسے کیا جائیگا کنزالدقائق کی روشنی میں اس طرح وضاحت کریں کہ ہر مسئلہ واضح ہو جائے۔

(29) ذمی، ذمیہ یا حربیوں نے مردار، شراب یا خنزیر کے بدلے میں نکاح کیا طلاق قبل الوطی دی یا دونوں اسلام لے آئے ان کے کیا احکام ہوں گے

(30) قسم پر کنزالدقائق کی روشنی میں نوٹ تحریر کریں۔

(31) رضاعت کا لغوی و اصطلاحی معنی بیان کریں مدت رضاعت کتنی ہے نیز رضاعت سے کون سے رشتے حرام ہوتے ہیں۔ صاحب کنزالدقائق نے جن رشتوں کا استثنٰی کیا ہے انہیں بیان کریں

**(نوٹ:۔الحمد للہ کنزالمدارس پیپر پیٹرن کے مطابق کنزالدقائق کے سوالات مکمل ہوئے۔ اللہ اسے ہم سب کے لیے نافع بنائے، کثیر الانتخابی سوالات 40٪ جبکہ مختصر و طویل سوالات 100٪ نصاب سے تیار کیے گئے ہیں لیکن نکاح الرقیق والکافر شامل نہیں کیا گیا۔**

**کثیر الانتخابی سوالات کے جوابات کی علیحدہ سے نشاندہی بھی کر دی گئی ہے لیکن طلبہ پہلے خود جوابات تلاش کریں اس کے بعد حل کی جانب رجوع کریں۔**

**اللہ نے چاہا تو طلبہ اس ماڈل پیپر سے تیاری کرنے کے بعد اچھی کامیابی سے ہمکنار ہونگے۔**

**ماڈل پیپر تیار کرنے کے بعد بار بار چیک کیا گیا ہے لیکن اس کے باوجود پرنٹنگ/ٹائپنگ میں غلطی کی گنجائش باقی ہے۔ فقہ چونکہ احکام شرعیہ حلال و حرام پر مبنی علم ہے اس لیے طلبہ و اساتذہ کرام کسی قسم کی غلطی پائیں ضرور آگاہ فرمائیں۔ جزاک اللہ خیرا)**

**ابوالحسن احمد مجتبٰی حنفی مدنی**

**مدرس ماڈل جامعۃ المدینہ نیو سول لائن فیصل آباد پنجاب پاکستان**

Whats,app=03452112526

23 جنوری 2022